زبان میری ہے بات اُن کی

ساغر اقبالی

★ اسرائیل کو تسلیم کرنے میں کوئی حرج نہیں، وہ بھی اہلِ کتاب ہیں۔ (عبدالستار ایدھی)
بچھو سے دوستی کرنے میں کوئی حرج نہیں وہ بھی اللہ کی مخلوق ہے۔

★ شجاعت، ڈاکٹر قدیر سے مل کر روتے رہے اور خود کو قصوروار ٹھہراتے رہے۔ (ایک خبر)
کس کس جگہ روئیں گے! لال مسجد، جامعہ حفصہ، اکبر بگٹی......!

★ لال مسجد میں فاسفورس بم گرائے گئے۔ (جنرل جمشید گلزار کیانی)
چنگیز اور ہلاکو خان کی یاد تازہ کی گئی

★ وصیت کے بارے میں بی بی نے کبھی کوئی بات نہیں کی۔ مجھ سے وہ ہر بات کر لیتی تھیں۔ (ناہید خان)

فغاں کہ مجھ غریب کو حیات کا یہ حکم ہے
سمجھ ہر اک راز کو مگر فریب کھائے جا

★ جرنیلوں نے گھیرا ڈال کر ڈاکٹر قدیر سے ٹی وی پر اعتراف کرایا۔ (جنرل چشتی)
وہ انا پرست بلا کا تھا جو گرا تو اپنے ہی پاؤں میں

★ آئینی پیکیج کی منظوری تک جج بحال نہیں ہو سکیں گے۔ (وزیر قانون فاروق نائیک)
نہ نو من تیل ہوگا نہ رادھا ناچے گی

★ ڈاکٹر عبدالقدیر پاکستانی عوام کے ہیرو ہیں، میرے نہیں (چودھری احمد مختار، وزیر دفاع)
کیوں کہ ڈاکٹر قدیر کو پاکستان لانے والے پیپلز پارٹی کے بانی ذوالفقار علی بھٹو تھے، میں نہیں۔

★ یوسف رضا گیلانی صاحب کہتے ہیں کہ وہ بااختیار وزیراعظم ہیں تو اُن کی معصومیت پر دل دُکھتا ہے۔ (بی بی سی)

اس سادگی پہ کون نہ مرجائے اے خدا
لڑتے ہیں اور ہاتھ میں تلوار بھی نہیں

★ انصار برنی کو بھارت پہنچنے پر واپس دبئی ڈی پورٹ کر دیا گیا۔
کشمیر سنگھ کو رہا کرنے کا صلہ!